9486 ـ لیٹ آنے والے مرد عورتوں کے پیچھے نماز باجماعت ادا کرتے ہیں

سوال

کالج میں ہمیں نماز ادا کرنے کے لیے ایک چھوٹا سا کمرہ دیا گیا جس میں مسلمان لڑکے اور لڑکیاں ایک ہی وقت میں نماز ادا کرتے ہیں (میں جماعت کی بات نہیں کر رہا) پھر کچھ اور لڑکے آ کر لڑکیوں کے پیچھے نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے ہیں، تو کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

عورتوں کو مردوں سے علیحدہ رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے، اگرچہ نماز کے لیے مخصوص جگہ چھوٹی ہی کیوں نہ ہو، چنانچہ سب مرد و عورت کو یہ علم ہونا چاہیے کہ مسجد کا آخری اور پچھلا حصہ عورتوں کے لیے مخصوص ہے، اور اس میں عورتوں کے لیے کوئی آڑ لگا کر تحدید کرنی ممکن ہے چاہے زمین پر لائن ہی لگا دی جائے، کہ مردوں اور عورتوں کے مابین کافی خلاء ہو، تو اس طرح بعد میں آنے والے مرد اپنے بھائیوں کے پیچھے اور عورتوں کے آگے نماز ادا کریں.

واللہ اعلم .